فوری ریلیز کے لیے: 24/9/2025 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کو 12 کاؤنٹیز کے لیے خشک سالی کی وارننگ جاری کرنے اور مزید 6 کاؤنٹیز کو خشک سالی کی نگرانی میں شامل کرنے کی ہدایت دی

نیو یارک کے باشندوں سے اپیل کی گئی کہ وہ ان مستقل خشک حالات کے دوران پانی کی بچت کریں

ریاست نیو یارک میں خشک سالی کی صورتِ حال کا نقشہ ملاحظہ کریں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (New York State Department of Environmental Conservation) کے ساتھ مل کر آج اعلان کیا کہ ایڈی رانڈیک اور جنوبی سلسلے کی 12 کاؤنٹیز میں خشک سالی کی وارننگ جاری کی گئی ہے اور سسکویہانا ریجن کی 6 کاؤنٹیز کو خشک سالی کی نگرانی میں شامل کر دیا گیا ہے۔ ریاست نیو یارک تمام رہائشیوں، بشمول جو زمینی پانی کے نجی کنوؤں پر انحصار کرتے ہیں، سبھی کو ترغیب دے رہی ہے کہ وہ آنے والے ہفتوں کے دوران جب بھی ممکن ہو پانی کی بچت کریں۔

"معمول سے کم بارشوں نے نیو یارک کی کئی کاؤنٹیز میں خشک سالی کے حالات پیدا کر دیے ہیں جس کے نتیجے میں ایڈی رانڈیکس اور جنوبی سلسلے کی کاؤنٹیز کو خشک سالی کی وارننگ کے اسٹیٹس میں اور سسکویہانا کاؤنٹیز کو خشک سالی کی نگرانی میں شامل کر دیا گیا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "جبکہ ریاست نیو یارک کے ماہرین زمینی حالات اور ڈیٹا کو مستقل انتہائی احتیاط کے ساتھ مانیٹر کر رہے ہیں، ہم کمیونٹیز، کسانوں اور مقامی پانی فراہم کرنے والوں کی مدد کے لیے فعال اقدامات کر رہے ہیں۔ اسی وقت، ہم سب سے یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ وہ پانی کی بچت میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ ہم اپنے وسائل پر دباؤ کم کر سکیں اور آنے والے ہفتوں میں زیادہ سنگین اثرات سے بچ سکیں۔"

اب خشک سالی کی نگرانی یا وارننگ نیو یارک سٹی اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے سوا ریاست بھر میں نافذ ہے۔ اس ریجن میں خشک سالی کی صورتحال کا تعین ریاست نیو
یارک سٹی کے ذریعے DEC کے ساتھ قریبی ہم آہنگی میں کیا جاتا ہے۔ ریاستی خشک سالی کے مشورے کے چار درجے ہیں: نگرانی کرنا، انتباہ کرنا، ہنگامی حالت، اور آفت۔ خشک سالی کی نگرانی یا وارننگ کے تحت کوئی لازمی ریاستی پابندی عائد نہیں کی گئی ہے۔ وارننگ کا اعلان سنگین اور قریب الوقوع خشک سالی کی صورتحال کا نوٹس ہے اور اس میں عوامی آگاہی میں اضافہ اور رضاکارانہ طور پر پانی کی بچت شامل ہے۔ عوامی پانی فراہم کرنے والے اداروں اور انڈسٹریز پر زور دیا گیا ہے کہ وہ مقامی خشک سالی کے ہنگامی منصوبوں پر عمل درآمد جاری رکھیں۔

خشک سالی کی وارننگ کے تحت آنے والی کاؤنٹیز میں ایلیگینی، کیٹاروگس، چیمنگ، کلنٹن، ایسیکس، فرینکلن، ہیملٹن، شمالی ہرکائمر، لوئیس، سٹیوبن، سینٹ لارنس اور وارن شامل ہیں۔ خشک سالی نگرانی میں شامل کی گئی کاؤنٹیز میں بروم، چینانگو، کورٹلینڈ، اوٹسیگو، میڈیسن اور ٹیوگا شامل ہیں۔

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (DEC) کی کمشنر Amanda Lefton (امانڈا لیفٹن) نے کہا،
"خشک سالی کی تیاری اور روک تھام کے لیے تمام نیو یارک کے باشندوں کی ایک فعال اور ہم آہنگ کوشش درکار ہے تاکہ ایک ایسے پانی کے بحران کو روکا جا سکے جو ہمارے ماحول، عوامی صحت اور معیشت کو متاثر کر سکتا ہے۔ بیرونی پانی کے استعمال کو کم کرنا اور گھروں اور کاروباری اداروں میں لیکیج کی جانچ کرنا پانی کی بچت اور ان حالات کو روکنے میں بہت مددگار ثابت ہو سکتا ہے اور پانی کے وسائل پر طویل مدتی اثرات مرتب کر سکتا ہے۔"

ریاست نیو یارک کے کئی حصوں میں بارش کی پیش گوئی ہے لیکن قومی موسمیاتی سروس (National Weather Service) کی پیش گوئی خشک حالات سے نمایاں ریلیف کے امکانات کو نہایت کم ظاہر کرتی ہے۔ گزشتہ 90 دنوں میں مشاہدہ کی گئی بارش تقریباً پوری ریاست میں معمول سے کم رہی۔ ریاست بھر میں مشاہدہ کی گئی بارش کی کمی دو سے آٹھ انچ تک رہی۔ کچھ علاقوں میں ندیوں کے بہاؤ اور زیرِ زمین پانی کی سطح میں کمی آ رہی ہے۔

خشک سالی کا ریاستی اشاریہ
نیو یارک میں، خشک سالی کے اسٹیٹس کا تعین ریاستی خشک سالی کے اشاریہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے جو ریاست نیو یارک کی مخصوص خصوصیات استعمال کرتا ہے لہذا یہ قومی خشک سالی کے اندازوں سے مختلف ہو سکتا ہے۔
مزید یہ کہ، مقامی حالات مختلف ہو سکتے ہیں، لہذا ریاست کے کچھ علاقے مقامی معیار پر مبنی خشک سالی کے درجے کا خود تعین کر سکتے ہیں۔ DEC مقامی حکومتوں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے مخصوص حالات کی بنیاد پر پانی کے تحفظ کے اقدامات کی کوششوں کی معاونت کرتا ہے۔

خشک سالی کے لیے تیاری
کچھ سیکٹرز خشک سالی کی صورتحال سے متاثر ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں، جن میں پانی کی فراہمی، زراعت، ایکو سسٹمز، نیویگیشن اور ٹرانسپورٹیشن، توانائی اور مینوفیکچرنگ اور منصوبہ بندی و تیاری شامل ہیں۔

خشک سالی کی تیاری میں ماحولیاتی اور دیگر حالات کی نگرانی اور جائزہ شامل ہے تاکہ ممکنہ خشک سالی کے بارے میں بروقت آگاہی حاصل کی جا سکے اور پروگرامز اور پروجیکٹس کے لیے قلیل مدتی اور طویل مدتی آپشنز کا اطلاق کر کے خشک سالی کے اثرات کو کم سے کم کیا جا سکے۔ DEC اور امریکی ارضیاتی سروے پوری ریاست میں آبی حالات کا جائزہ لینے میں شراکت دار ہیں۔

ریاست کی خشک سالی کے نظم کی ٹاسک فورس خشک سالی کی صورتحال کی نگرانی کرتی ہے، معلومات فراہم کرتی ہے اور متاثرہ کمیونٹیز کے ساتھ رابطہ کاری کرتی ہے۔ ٹاسک فورس ریاستی خشک سالی کے نظم کی رابطہ کاری کے الحاق (State Drought Management Coordination Annex)، کے تحت کام کرتی ہے جو تحقیق، نگرانی اور ممکنہ قانون سازی پر توجہ دیتا ہے تاکہ خشک سالی کے اثرات کو روکنے اور کم کرنے میں مدد مل سکے۔ ٹاسک فورس کے ممبران میں DEC، نیو یارک اسٹیٹ آفس آف ایمرجنسی مینجمنٹ (New York State Office of Emergency Management)، محکمہ صحت (Department of Health)، محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس (Department of Agriculture and Markets)، کینال اتھارٹی (Canal Authority)، تھرووے اتھارٹی (Thruway Authority) اور نیو یارک بجلی کی اتھارٹی (New York Power Authority) کی شامل ہیں۔ اس ہم آہنگ تیاری اور ردعمل کی کوشش کے ساتھ، کمیونٹیز اور تجارت پر خشک سالی کے اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے۔

اپنے پانی کو جانیں
عوام اپنے مقامی آبی سسٹم سے خشک سالی کی تیاری، اثرات اور ردعمل کے نوٹس اور سرگرمیوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔ پانی کی بچت کے بارے میں عوام کے لیے اضافی تجاویز ہر آبی سسٹم کی سالانہ پانی کے معیار کی رپورٹ (AWQR) میں بھی دیکھی جا سکتی ہیں۔
آبی سسٹم کی رابطے کی معلومات اور AWQRs تک Know Your NY Water ویب سائٹ یا آبی سسٹمز کی اپنی ویب سائٹس کے ذریعے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

کسانوں کے لیے سپورٹ
پُرزور تجویز کی جاتی ہے کہ کھیتوں میں پانی کی فراہمی کو باقاعدگی سے مانیٹر کیا جائے اور خدمات کاؤنٹی ایمرجنسی مینجمنٹ اور مقامی سوائل اینڈ واٹر کنزرویشن ڈسٹرکٹس کے ساتھ شیئر کیے جائیں۔ کارنیل کوآپریٹو ایکسٹینشن ڈیزاسٹر ایجوکیشن نیٹ ورک (Cornell Cooperative Extension Disaster Education Network) اور ریاست نیویارک کا محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس اضافی وسائل اور مقامی سپورٹ فراہم کرتے ہیں۔

ایکو سسٹمز
خشک سالی کی صورتحال آبی اور زمینی ایکو سسٹمز کو متاثر کر سکتی ہے۔ ندیوں کے بہاؤ میں کمی آبی حیات کی صحت کو متاثر کر سکتی ہے۔ بارش میں کمی زمینی پودوں اور جانوروں کو پودوں کی افزائش میں کمی کے ذریعے متاثر کرتی ہے۔ خشک سالی کی صورتحال نقصان دہ الجی بلوم (HAB) کی افزائش میں ایک معاون عنصر ہو سکتی ہے۔ اضافی عوامل، جن میں پرسکون، دھوپ والے اور گرم دن اور مکسنگ ڈائنامکس میں تبدیلی شامل ہیں، ایسی صورتحال پیدا کر سکتے ہیں جو HAB کی افزائش کے لیے سازگار ہوں۔ DEC ایک HABs رپورٹنگ اور نوٹیفیکیشنز پیج برقرار رکھتا ہے جس پر پانی کے ان ذرائع کی فہرست دی گئی ہے جن میں اس وقت بلومز موجود ہیں۔

جنگل کی آگ سے بچاؤ
جب جنگل کی آگ کا خطرہ بڑھ چکا ہو تو فائر ڈیپارٹمنٹس کو یہ چیک کرنا چاہیے کہ آیا ان کے پانی کے ذرائع میں مناسب سپلائی موجود ہے نیز کیا خشک ہائیڈرنٹس کے لیے انٹیکس کافی حد تک زیر آب ہیں۔
رہائشیوں کو چاہیے کہ آگ جلانے سے پہلے اپنے مقامی حکام سے معلوم کر لیں کہ کیا آگ جلانے پر پابندی نافذ ہے اور یہ یقینی بنائیں کہ آگ کے تمام ممکنہ ذرائع، بشمول کیمپ فائرز اور سگریٹس مکمل طور پر بجھائے گئے ہوں۔

پانی کے نجی کنویں کی معاونت
خشک سالی سے ممکنہ طور پر متاثر ہونے والے پانی کے کنوؤں کے حوالے سے مدد کے لیے:

- پانی کے کنویں کے کسی رجسٹرڈ ٹھیکیدار سے رابطہ کریں اور انفرادی ضروریات کے لیے مناسب آپشنز پر بات کریں۔
- پڑتال کریں کہ کنواں خشک سالی کی وجہ سے خشک ہے اور کوئی اور مسئلہ نہیں ہے۔ بعض اوقات حل کافی آسان ہوتا ہے، جیسے ٹوٹا ہوا والو یا بجلی کا مسئلہ۔ اگر کنواں خشک ہے تو یقینی طور پر بتانے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ کنویں میں پانی کی سطح کی پیمائش کی جائے۔
- پانی کے کنوؤں پر خشک سالی کے اثرات کو روکنے میں مدد کے لیے سال بھر پانی کو محفوظ کریں۔
- خشک ادوار سے گزرنے میں مدد کے لیے پانی ذخیرہ کرنے کے ٹینک کو شامل کرنے پر غور کریں۔
- موجودہ کنوؤں کو صاف کریں یا دوبارہ تیار کریں۔
- موجودہ کنویں کو گہرا کریں یا نیا کنواں کھودیں۔ اگر نئے کنویں کی کھدائی کر رہے ہیں تو، زمینی پانی کے معیار کو بچانے کے لیے پرانے کنویں کو صحیح طریقے سے ختم کریں۔

پانی بچانے کی تجاویز
پانی کے وسائل کی حفاظت کے لیے، پانی استعمال کرنے والوں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ رضاکارانہ طور پر پانی کے بیرونی استعمال کو کم کریں اور ان تجاویز پر عمل کریں:

- لان میں پانی تب دیں جب ضروری ہو، پانی دینے کے ایسے طریقے اپنائیں جن سے پانی ضائع نہ ہو، اور صبح سویرے پانی دیں تاکہ بخارات کم ہوں اور مٹی کو زیادہ نمی ملے؛

- بارش کے بعد جمع ہونے والا پانی، ڈرم، ڈی ہیومیڈیفائرز، یا ایئر کنڈیشنرز سے جمع ہونے والا پانی پودوں کو پانی دینے کے لیے استعمال کریں؛

- لان موور کی کٹائی کی اونچائی بڑھائیں۔ لمبی گھاس مضبوط جڑوں کی وجہ سے تناور ہوتی ہے اور اسے کم پانی کی ضرورت ہوتی ہے؛

- گاڑی کھڑی کرنے کی جگہ اور فٹ پاتھ صاف کرنے کے لیے جھاڑو کا استعمال کریں، پانی کے پائپ سے نہ دھوئیں؛

- رسنے والے پائپ، ہوز اور نلکوں کی مرمت کریں؛

- برتن دھونے اور کپڑے دھونے کی مشین میں صرف مکمل لوڈ پر دھوئیں؛

- مختصر شاور لیں یا باتھ ٹب کو جزوی طور پر بھریں؛

- پانی بچانے والے پلمبنگ فکسچرز لگائیں؛

- پانی کو گرم یا ٹھنڈا کرنے کے لیے نل نہ چلائیں؛ اور

- کاروں کو کم کثرت سے دھوئیں۔

پانی کی بچت سے متعلق مزید تجاویز کے لیے، DEC کا پانی کے استعمال اور بچت کا ویب پیج ملاحظہ کریں۔ نیو یارک میں خشک سالی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، DEC کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں